

## باب 7

# کہانی بُننا



4537CH07

آپ نے 'سلائی'، 'سِلنا' یا 'سوئی دھاگے' جیسے الفاظ کئی بار اپنے کپڑوں یا اسکول یونیفارم کے بارے میں سنے ہوں گے۔ لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ ان کا مطلب کیا ہوتا ہے؟

کولنز ڈکشنری کے مطابق سلائی کا مطلب چیزوں کو خاص طور پر کپڑے کو سوئی دھاگے سے جوڑنے یا آپس میں باندھنے کا عمل ہے۔ یہ جوڑ عام طور پر دھاگے کے لوپ یا گھماؤ کی شکل میں ہوتے ہیں۔ یہ کام ہاتھ سے بھی کیا جاسکتا ہے اور مشین سے بھی۔ اسے کپڑے تیار کرنے، مرمت کرنے یا سجاوٹ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

میری نانی نے مجھے کپڑے سینا سکھایا تھا لیکن مجھے مختلف طرح کی سلائی زیادہ دل چسپ لگتی تھی۔ مجھے مختلف مناظر کو جوڑ کر ایک کہانی تیار کرنا زیادہ پسند تھا!

جس طرح سوئی دھاگے کی مدد سے کپڑے کے مختلف حصوں کو آپس میں جوڑا جاتا ہے اسی طرح ایک کہانی بھی مختلف واقعات کو جوڑ کر بنتی ہے۔ ایک درزی جس طرح کپڑے کے مختلف ٹکڑوں کو ایک ساتھ سلائی کرتا ہے آپ بھی مختلف واقعات کو ایک ساتھ جوڑ کر کہانی بنا سکتے ہیں۔

آیئے ہم ان واقعات کو جوڑنے سے آغاز کرتے ہیں جو آپ نے پچھلے باب میں گروپ سرگرمی کرتے ہوئے تیار کیے تھے۔ مثال کے طور پر ہم سبزی منڈی سے شروعات کرتے ہیں۔ اب فرض کریں کہ ہم دفتر اور گھر کے مناظر کو اس کے ساتھ جوڑنا چاہتے ہیں۔ بغیر کسی مربوط نقطہ کے انھیں یکے بعد دیگرے جوڑا نہیں جاسکتا۔ تو پھر ہم اس میں ربط کیسے پیدا کریں؟

© NCERT not to be republished





ان تین تصویروں کو دیکھیے ۔اگرچہ یہ تینوں بظاہر بالکل غیرمتعلق نظر آتی ہیں لیکن آپ تھوڑی سی تخلیقی صلاحیت سے ان کو جوڑ سکتے ہیں۔اسی کو تخلیقی طور پر بُننا کہتے ہیں۔سب سے پہلے آیئے ان مناظر کی ترتیب بدلتے ہیں تاکہ ان میں کوئی مطلب پیدا ہو سکے۔




اب کہانی کچھ یوں ہوسکتی ہے:

راجو اسکول جانے کی تیاری کر رہا تھا۔جب وہ ناشتہ کر رہا تھا اسے یاد آیا کہ اسے صحت اور غذائیت پر ایک پروجیکٹ بنانے کے لیے چار مختلف سبزیاں اسکول لے کر جانی ہیں۔لیکن جب اس نے گھڑی کی طرف دیکھا، تو اسے احساس ہوا کہ اب اسکول کے لیے دیر ہو گئی ہے۔اگر وہ بازار جاتا ہے تو وہ پروجیکٹ چھوٹ جائے گا جس کی اس نے اپنے دوستوں کے ساتھ تیاری اور مشق کی تھی۔چنانچہ اس نے جلدی جلدی ناشتہ کیا اور دوڑتا ہوا بازار پہنچ گیا۔لیکن افسوس کی بات یہ تھی کہ اسے چار میں سے صرف دو سبزیاں ہی مل سکیں۔اب اس کے پاس کوئی اور چارہ نہ تھا اس لیے وہ صرف دو سبزیاں لے کر اسکول چلا گیا۔لیکن راجو کی ماں نے اس کی مدد کی۔انہوں نے اسکول کی ٹیچر کو فون کیا تاکہ پتا چلے کہ راجو کے پاس پروجیکٹ کے لیے سب کچھ ہے یا نہیں۔جب معلوم ہوا کہ دو سبزیاں ابھی باقی ہیں تو ماں نے فوراً آن لائن آرڈر دے دیا تاکہ وہ سبزیاں سیدھی اسکول پہنچ جائیں۔شکر ہے کہ وہ وقت پر پہنچ گئیں اور راجو نے اپنا پروجیکٹ بہت عمدگی سے مکمل کر لیا!

© NCERT not to be republished



اگر آپ نے غور کیا ہو تو ہم نے مرکزی واقعات کے درمیان کچھ اضافی باتیں شامل کی ہیں تاکہ کہانی میں ایک ’تسلسل‘ پیدا ہو۔ تسلسل سے مراد یہ ہے کہ واقعات ایک دوسرے سے مربوط محسوس ہوں، یوں نہ لگے کہ وہ کہانی کے الگ الگ اور بے ربط حصے ہیں۔




نارنگی خانوں میں موجود تصویریں وہ نئے حصے ہیں جو کہانی کے تسلسل کو برقرار رکھنے کے لیے شامل کیے گئے ہیں۔ جبکہ مرکزی واقعات جوں کے توں رکھے گئے ہیں۔

اب آپ بھی ایسے ہی مزید واقعات کو جوڑنے کی کوشش کیجیے اور کہانی کے تسلسل کو برقرار رکھنے کے لیے اپنے خیالات میں شامل کیجیے۔ تو لیجیے اب آپ نے میری قسم کی بُنائی سیکھ لی — بُنائی! اسے ’اسٹوری بورڈ‘ کہا جاتا ہے۔ اسٹوری بورڈ کا استعمال پیشہ ور افراد اور فلم ساز کرتے ہیں۔

**کڑھائی والا اسٹوری بورڈ:** تصور کیجیے کہ کپڑے پر بنا ہر پھول ایک الگ منظر یا واقعہ ہے۔ دھاگا ایک پھول کو دوسرے سے جوڑتا ہے تاکہ کہانی کا تسلسل قائم رہے۔ بالکل اسی طرح اسٹوری بورڈ میں کئی تصویریں آپس میں جُڑ کر ایک مکمل کہانی بناتی ہیں۔




اس حوالے سے بصری آرٹ کی سرگرمی (5.3) اسٹوری بورڈ بنانا بھی آپ کی مدد کرے گی۔

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 7.1 ڈرائنگ کے ذریعے کہانی

آپ وہی گروپ برقرار رکھ سکتے ہیں جن کے ساتھ آپ نے پہلے کام کیا تھا۔ ہرگروپ اپنے تصور کے مطابق صورتحال پیش کرے گا۔ پھر ان حالات کو آپس میں جوڑ کر پچھلی مثال کی طرح ایک آسان سی کہانی بنائی جائے گی۔ اس بات کا خیال رکھا جائے گا کہ کہانی میں واقعات کا تسلسل برقرار رہے اور وہ آپس میں مناسب طریقے سے جڑے ہوں۔

**بنیادی مشق:** ہرگروپ اپنے خیالی واقعات پیش کرے گا۔ اگر چاہیں تو پوری کہانی، تمام مناظر کے ربط کے ساتھ صرف سنائی جا سکتی ہے۔ سادہ ڈرائنگ کے ذریعے ایک 'اسٹوری بورڈ' بھی بنایا جاسکتا ہے۔ جب آپ کو محسوس ہو کہ کہانی دل چسپ بن گئی ہے تو آپ اس کے کردار طے کر کے اسے اداکاری کے ذریعے پیش کر سکتے ہیں۔ یاد ہے آپ نے گریڈ 3 اور 4 میں کوئی کردار ادا کیا تھا؟







**استاد کے لیے نوٹ:** چاہے بچے صرف کہانی سنا رہے ہوں، ان کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ کہانی کو جذبات، حرکات اور تاثرات کے ساتھ پیش کریں نہ کہ صرف پڑھ کر سنائیں۔ اسٹوری بورڈ بنانا منظر کو ذہن میں لانے اور کہانی کی ترتیب سمجھنے میں مدد دے گا۔

© NCERT not to be republished

**آگے کی مشق:** ایک پیالے میں پرچیاں رکھی جائیں گی جن پر مختلف واقعات لکھے ہوں گے۔ یہ واقعات تاریخ سے، روزمرہ زندگی سے، خیالی دنیا سے، یا پہلے پڑھی گئی کہانیوں سے لیے جا سکتے ہیں۔ ہر گروپ ایک پرچی اٹھائے گا۔ چاہے وہ پرچی کتنی ہی بے ربط یا غیر متوقع کیوں نہ ہو، گروپ کا کام یہ ہو گا کہ وہ اس واقعہ یا صورتِ حال کو کسی کہانی میں جوڑ کر پیش کرے۔




- کیا آپ کے خیال میں اسٹوری بورڈ کامکس کی طرح ہوتے ہیں؟ ان میں کیا فرق ہے؟
- اس سرگرمی میں سب سے مشکل کام کیا تھا؟
- گریڈ 3 اور 4 میں بصری آرٹ سے آپ نے جو اسباق پڑھے وہ یہاں اسٹوری بورڈ تیار کرنے میں کیسے مددگار ثابت ہوئے؟

**توسیعی سرگرمی:** اپنی گریڈ 4 کی کتاب سنتور میں شامل کسی کہانی پر مبنی اسٹوری بورڈ تیار کیجیے۔




باب 1

+



باب 2

+



باب 5

**میری کہانی:** ________________________________

________________________________

________________________________

________________________________

________________________________

________________________________

© NCERT not to be republished

## جائزہ

| باب 7 – کہانی بُننا | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **صلاحیتیں**<br>سی- 2.1: روزمرہ زندگی کے واقعات کی بنیاد پر کرداروں، مناظر، مقامات اور سادہ سازوسامان کی مدد سے کلاس میں ڈراما تیار کر کے پیش کریں۔<br>سی- 2.2: کلاس میں تخلیق کیے گئے ڈراموں اور ان سے متعلق فن کارانہ اظہار کے موضوعات اور عناصر کا موازنہ کرنا اور ان میں فرق تلاش کرنا۔ | | | | |
| سی جی | سی | آموزشی ماحصل | استاد | خود |
| 2 | 2.1 | دو مختلف واقعات کو تخلیقی انداز میں کہانی کے عناصر شامل کر کے جوڑنا۔ | | |
| | 2.1, 2.2 | کہانی کے تسلسل کو سمجھنا ہے اور اپنے دوستوں کی کہانیوں سے اس کا موازنہ کرنا۔ | | |
| | 2.2 | 'اسٹوری بورڈ' کے تصور کو سمجھنا۔ | | |
| | 2.1 | حالات کی ترتیب کو تخلیقی انداز میں بدل کر ایک نئی کہانی بنانا۔ | | |
| | 2.2 | منظر کی تشکیل اجتماعی طور پر کرتا ہے صرف ذاتی خیالات پر اصرار نہ کرنا۔ | | |
| | | کلاس میں مجموعی طور پر شرکت۔ | | |



استاد کے مشاہدات: ____________________

____________________

دیگر تاثرات: ____________________

____________________

© NCERT not to be republished